پڑھتے دیکھا تو فرمایا:

"نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ"

"یہ کیا ہی عجیب شئے ہے" یعنی جدا جدا کے بجائے ایک امام کے پیچھے پڑھنا عجیب بات ہے۔

۷۔ فرض وسنّت میں کیا فرق ہے؟ داڑھی رکھنا فرض ہے یا سنّت؟

الجواب! دلیلِ قطعی سے جو بات ثابت ہو وہ فرض ہے، فرائض کے سوا جو بات حضورؐ کے قول، اور تقریر سے ثابت ہو، وہ سنّت ہے:

(ا) "اَلْفَرْضُ مَا ثَبَتَ بِدَلِیْلٍ لَّا شُبْهَةَ فِیْهِ"

(ب) "اَلسُّنَّةُ مَا فَعَلَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِوَی الْفَرَائِضِ"

۸۔ تعویذ دینا نبی کریمؐ سے ثابت ہے؟

الجواب: حضورؐ لکھنا نہیں جانتے تھے، ورنہ لکھتے بھی، تعویذ کے معنے اللہ کی پناہ لینے کے ہیں۔ اس کی متعدد صورتیں ہوسکتی ہیں "تھوتھو" کرکے دم کرنا۔ دیوانے پر سورۃ فاتحہ پڑھی۔ تین دن صبح وشام! فاتحہ ختم کرتے تو تھوک منہ میں جمع کرکے اس پر تھو کتے (حصن حصین بحوالہ ابی داؤد۔ نسائی)۔ نماز وغیرہ میں وسواس کے لیے تعویذ بتایا کہ "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ" پڑھ کر بائیں طرف تھوتھو کریں (ایضاً)۔ جعفر بن محمد بن علی نے فرمایا کہ تعویذ گلے میں لٹکا سکتے ہو (زاد المعاد) —— الغرض تعویذ دم کرنا، دعا کرنا، لکھ کر باندھنا اسلاف سے ثابت ہے۔ (زاد المعاد)

۹۔ ختم قرآن کرنا اور مخصوص کر کے جمعرات کے دن مسجد میں ایصالِ ثواب کے لیے کچھ لانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: دعا ہو یا نیابت، ایصالِ ثواب کا مروجہ طریقہ قرآن وحدیث سے ثابت نہیں ہے۔ ویسے بھی اس سے زندوں کی بے عملی کی حوصلہ افزائی ہوگی —— "لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی!" نیز: "لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی!" (قرآن)۔

حج اور روزہ میت کے ذمہ رہ گئے ہوں تو وارث اس کی طرف سے قائم مقام ہو کر ادا کر سکیں۔

۱۰۔ کسی آدمی نے جان بوجھ کر روزہ توڑا، تو کیا اس پر قضاء ہے یا کفارہ؟ کوئی شخص [illegible] رہو یا کسی شرعی عذر کی وجہ سے روزہ توڑا تو اس پر قضاء ہے یا کفارہ؟